# 40 اقوالِ رسول ﷺ

(اردو اور انگریزی ترجمہ کے ساتھ)

یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"

47

ابو سعید حنیف احمد محمود

وَمَآ اٰتَاکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھَاکُمْ

عَنْہُ فَانْتَھُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰہَ ؕ اِنَّ اللّٰہَ

شَدِیْدُ الْعِقَابِ

(الحشر:8)

# 140 اقوالِ رسول ﷺ

(اردو اور انگریزی ترجمہ کے ساتھ)

یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"

47

ابو سعید حنیف احمد محمود

# رابطہ کرنے کے لیے




ای میل ایڈریس: hanifahmadmahmood@hotmail.com

ویب سائیٹ: www.mushahedat.com

فون نمبر: +44 73 7615 9966

# 40 اقوالِ رسولؐ

حضرت خلیفۃُ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ سے سویڈن کے ایک خادم نے سوال کیا کہ کیا بچپن یا جوانی کے دوران (حضور کے) کوئی ایسے استاد، مربّی یا رہنما تھے جن سے حضور انور کو خاص طور پر دینی علم حاصل ہوا ہو۔

تو حضور پُر نور نے فرمایا:

**"ہمارا سارا ماحول ہی استاد تھا"**

حضور نے جس ماحول کی اِس جُملہ میں نشان دہی فرمائی اُسی ماحول میں خاکسار بھی بحیثیت طفل اور خادم نشو و نما پا رہا تھا اور واقعتاً ہمارا ربوہ کا ماحول ایک شفیق استاد سے کم نہ تھا۔ اِس دینی، روحانی، اخلاقی اور علمی ماحول میں مختلف چھوٹی چھوٹی کتب بطور استاد ہمارے ساتھ رہتی تھیں یا یوں کہہ لیں ہم اِن اساتذہ کے ساتھ رہ کر اِن سے کسبِ علم کرتے اور تربیت کا فیض پاتے تھے۔ اِن کتب میں سے چند ورقہ ایک کتابچہ حضرت سیّد میر محمد اسحاق صاحب رضی اللہ عنہ کی مرتّبہ "چہل احادیث" بھی تھی۔ جس میں درج 40 احادیث کو ہم گھروں میں اور اجلاسات میں حفظ کرتے تھے۔ جوں جوں جوانی کی سیڑھی پر قدم رکھا تو احادیث کے مختصر مجموعے پڑھنے کو ملے۔ جن میں:

اوّل۔ اربعین اطفال از حضرت میر محمد اسماعیل صاحب رضی اللہ عنہ

دوم۔ چالیس جواہر پارے از حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب رضی اللہ عنہ

سوم۔ منتخب احادیث از نشرو اشاعت قادیان

چہارم۔ احادیث الاخلاق از استاذی المحترم مولانا غلام باری سیف صاحب مرحوم

جامعہ احمدیہ کی تدریس سے قبل جوانی میں اَور بہت سی احادیث کی کتب پڑھنے اور اِن میں درج اقوالِ رسولؐ کو اپنے وجود میں اُتارنے کی کوشش کی۔ بالخصوص ایسی کتب میں درج احادیث کا موازنہ کرنے کی توفیق پائی جو چالیس، چہل کے نام سے ملتی تھیں اور ان بزرگوں کو رشک کی نگاہ سے دیکھتا رہا جنہوں نے حضرت رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ذیل کے ارشادات کے تحت نہ صرف جنت میں جگہ بنائی بلکہ آپؐ کی شفاعت لینے کے بھی موجب بنے۔ حضورؐ فرماتے ہیں:

مَنْ تَرَكَ أَرْبَعِينَ حَدِيثًا بَعْدَ مَوْتِهٖ فَهُوَ رَفِيقِيْ فِي الْجَنَّةِ

کہ جس نے اپنے مرنے کے بعد 40 حدیثیں چھوڑیں وہ جنت میں میرا ساتھی ہوگا۔

پھر فرمایا:

مَنْ حَفِظَ عَلَى أُمَّتِي أَرْبَعِينَ حَدِيثًا مِنْ أَمْرِ دِينِهَا، بَعَثَهُ اللّٰهُ فَقِيْهاً كُنْتُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَافِعًا وَّشَهِيْدًا

کہ جو شخص میری امت کی اصلاح اور بہبودی کی غرض سے میری (کم از کم) 40 حدیثیں محفوظ کرے گا اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن ایک عَالِم دین اور فقیہ کی صورت میں کھڑا کرے گا اَور مَیں اس کے لیے خدا کے حضور شفاعت کرنے والا اور اس کے ایمان کا گواہ ہوں گا۔

بعض محدّثین نے محوّلہ بالا حدیث کے الفاظ "مَنْ حَفِظَ" کے یہ معنی کئے ہیں کہ جو شخص میری امت کو دین سمجھانے کے لیے 40 حدیثیں یاد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اُسے قیامت کے دن فقہاء میں سے اُٹھائے گا اور مَیں اُس کی شفاعت کروں گا اور اُس کے حق میں گواہی دوں گا۔

خاکسار کو اللہ میاں نے 700 احکام خداوندی کو یکجا کرنے کی توفیق دی۔ بعد ازاں مامورِ زمانہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور آپؑ کے خلفاء کے مختلف عناوین پر ارشادات جمع کرنے کی سعادت پائی تو ایک

خلش دل میں باقی رہی کہ آقا و مولیٰ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کو جمع نہیں کر پایا۔ اُدھر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مندرجہ بالا ارشادات میں درج یہ لالچ چین سے نہ بیٹھنے دیتا رہا کہ

1۔ مرنے کے بعد 40 احادیث کا مجموعہ چھوڑنے والے کو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت نصیب ہوگی۔ حدیث میں آتا ہے: اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ کہ آدمی اس کے ساتھ ہوتا ہے جس سے وہ محبت کرتا ہو۔

2۔ جو شخص 40 احادیث کو یاد کرے گا یا 40 احادیث کو (کتابی شکل میں) محفوظ کرے گا۔ اُس کے حق میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم شفاعت کریں گے اور اُس کے حق میں گواہی دیں گے۔

کہتے ہیں کہ لالچ بُری بلا ہے لیکن نیکی کمانے اور نیکی کے میدان میں آگے بڑھنے کی حرص اچھی اور مبارک بات ہے۔ بالخصوص جب جنّت میں آنحضورؐ کی رفاقت ملنے والی ہو۔ حضورؐ کی شفاعت سامنے نظر آرہی ہو اور حضورؐ حقیر بندے کے حق میں گواہی بھی دینے والے ہوں۔

ان انعاماتِ خداوندی کے حصول کے لیے خاکسار بھی چند مختصر 40 اقوالِ رسولؐ کو ذیل میں جمع کرنے جا رہا ہے۔ اِن اقوال کو جمع کرنے میں آج کے دَور میں موجود قباحتوں اور بُرائیوں کا سدّباب مدّ نظر ہے اور اِسی مناسبت سے یہ 40 اقوالِ رسول کو جگہ دی ہے۔ ممکن ہے اِس مجموعۂ احادیث میں سے کچھ بزرگانِ بالا کی مرتّب کردہ کتب سے لی گئی ہوں۔ فجزاھم اللّٰہ تعالیٰ خیرًا

اللہ تعالیٰ میری اس حقیر کاوش کو شرفِ عزّت اور سندِ قبولیت عطا فرمائے، جو میرے لئے رسولِ خدا کی رفاقت اور شفاعت کا موجب ہو اور اس مجموعہ سے فائدہ اٹھانے والوں کے لیے فضل، رحمت، برکت اور مغفرت کا موجب بنائے۔ آمین

مَیں اپنے اِس مجموعہ کو "مشاہدات" کے لیے خدمت، اِس کی اشاعت کرنے والوں نیز اِس سے استفادہ کرنے والوں کے نام مُعَنْوَنْ کرتا ہوں۔ اس مسوّدہ کو کمپوزنگ کرنے میں مکرم منہاس محمود آف جرمنی

اور مکرم زاہد محمود نے ساتھ دیا۔ انگلش ترجمہ میں مکرم وقّار احمد بھٹی آف برلن جرمنی نے معاونت فرمائی جبکہ اِسے کتابی شکل دینے میں مکرم زاہد محمود، ویب سائیٹ کی زینت بنانے میں مکرم سعید الدین احمد آف یوکے اور مکرم عامر محمود آف شیفیلڈ برطانیہ نے تعاون فرمایا۔ فالحمدللّٰہ ربّ العالمین، جزاھم اللّٰہ تعالیٰ خیرًاکثیرًا فی ھٰذِہِ الدّنیا والآخرۃِ۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ


اسلام، احمدیت کا ادنیٰ خادم

ابو سعید حنیف احمد محمود

واقفِ زندگی، مربّی سلسلہ حال برطانیہ

(شاہد۔ عربی فاضل)

(سابق ایڈیٹر روزنامہ الفضل ربوہ و الفضل آن لائن لندن ونائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ)


24/ستمبر 2026ء


ویب سائیٹ: www.mushahedat.com

فون نمبر: +44 73 7615 9966

ای میل: hanifahmadmahmood@hotmail.com

# 40 Sayings of the Holy Prophet Muhammad ﷺ

A Khadim from Sweden asked Hazrat Khalifatul Masih V, may Allah be his Helper, whether during his youth there had been any particular teacher, mentor, or spiritual guide from whom he sought religious knowledge in a special way. His Holiness replied

**"Our entire environment served as a teacher"**

The environment Huzur e Anwer mentioned, I myself was brought up in the same environment as a Tifal and Khadim and our environment was like a kind teacher for us.

In this religious, spiritual, moral, and scholarly environment we enjoyed company of various small books which served as teachers for our nurturing.

Among these books was a small booklet, **40 Ahadith**, compiled by Hazrat Mir Muhammad Ishaq, may Allah be pleased with him. The 40 sayings contained in it were memorized in Ahmadiyya homes and gatherings. As we step forwarded into youth we encountered other short collections of Hadith namely, Arba'in Atfal by Hazrat Mir Muhammad Ismail, may Allah be pleased with him, Forty Gems of Beauty by Hazrat Mirza Bashir Ahmad, may Allah be pleased with him; Selected Ahadith published by the publication department Qadian and Ahadith ul Akhlaq by my respected teacher Maulana Ghulam Bari Saif (late).

Before getting education in Jamia Ahmadiyya, in youth I tried a lot to read several other books of Ahadith and to find out ways to their practical approach in daily life. Most

importantly I was blessed to make some comparisons between those Ahadith mentioned in the above booklet 40 Ahadith and look at these highly respectable elderly people with esteemed admiration who not only secured their place in Heaven but also became eligible for the intersession of the Holy Prophet (peace be upon him). The holy prophet (peace be upon him) said

مَنْ تَرَكَ أَرْبَعِينَ حَدِيثًا بَعْدَ مَوْتِهِ فَهُوَ رَفِيقِيْ فِي الْجَنَّةِ

Whosoever left behind 40 Ahadith after his death, he will be my companion in heaven.
The holy prophet also said

مَنْ حَفِظَ عَلَى أُمَّتِي أَرْبَعِينَ حَدِيثًا مِنْ أَمْرِ دِينِهَا، بَعَثَهُ اللّٰهُ فَقِيهًا كُنْتُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَافِعًا وَّشَهِيْدًا

whoever preserves 40 Hadith for the benefit of the Muslim community, Allah will raise him on the Day of Resurrection as a religious scholar and jurist, and I will be his intercessor and witness (of his faith).

A few Muhadithin elaborated the words مَنْ حَفِظَ of this Hadith above as whosoever will learn by heart 40 Ahadith for the welfare and better understanding of religion, Allah will raise him on the day of resurrection as learned scholar and jurist and the Holy Prophet (peace be upon him) will be his intercessor and witness (of his faith).
Almighty Allah gave me strength to compile 700 Divine injunctions, later I had the blessed opportunity to compile the saying of the Promised Messiah and Khulafa under variant topics still I had a regret in my heart that I could not compile the saying of the holy prophet (peace be upon him) so far. On the other hand the above mentioned

saying of the Holy Prophet kept on increasing a craving inside me that

1. One who will leave a compilation of 40 Ahadith after his death, will be honoured to have his blessed company in the hereafter. A Hadith narrates اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ that a man will enjoy the company of his beloved (in the hereafter).
2. Whosoever will memorize 40 Ahadith or compile them (in a book), the Holy Prophet (peace be upon him) will be his intercessor and witness (of his faith).

It is said that greed is a curse but the spirit to compete in gaining virtue is good and blessed idea, especially when resulting in becoming companion of the Holy Prophet (peace be upon him).

In order to gain these blessings of Almighty Allah I am compiling short 40 saying of the Holy Prophet (peace be upon him). The idea behind this compilation is to get rid of various evils and vices of this modern era. This compilation of 40 Ahadis is with compliance to this idea. It is also possible that some of these forty Ahadis might be taken from the books of afore said respected elders. (May Allah bless them immensely).

May Allah accept my humble effort which result in the intersession and company of the Holy Prophet (peace be upon him) and make it a source of blessings, mercy and forgiveness for those who may get benefit from it. Aamin

I dedicate this compilation to those who serve, help me publish and beneficiaries of **Mushahidat**. Mr Minhas Mahmood of Germany and Mr Zahid Mahmood provided services for the composing of this compilation. English

translation was done by Mr Waqar Ahmed Bhatti of Berlin (Germany). Mr Zahid Mahmood helped rendering it into a book and Mr Saeed ud Din Ahmad of Uk and Mr Amir Mahmood of Sheffield UK helped to adorn it to the website.

All praise belongs to Allah. May Allah bless them all immensely in this world and in the hereafter. O our Lord accept (this humble effort) from us, for sure you are All-Hearing, All Knowing.

A humble servant of Islam Ahmadiyyat
Abu Saeed Hanif Ahmad Mahmood
Life devotee, Ahmadiyya missionary
(currently residing in UK)
(Shahid, Arabic Fazal)
(Ex- editor Daily Alfazl Rabwah, Daily Alfazl Online London & Naib Nazar Islah o Irshad Markazia)
24th September 2026.

Website: www.mushahedat.com

Phone: +44 73 7615 9966

Email: hanifahmadmahmood@hotmail.com

# 40اقوال رسولؐ

1۔اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ وَاِنَّمَا لِكُلِّ امْرِءٍ مَانَوٰى (بخاری)

اعمال نیتوں کے مطابق ہوتے ہیں اور ہر شخص اپنی نیت کے مطابق بدلہ پاتا ہے۔

Actions are judged by intentions, and every person will be rewarded according to his intention.

2۔لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ (بخاری)

تم میں سے کوئی شخص سچا مؤمن نہیں سمجھا جاسکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لیے وہی بات پسند نہیں کرتا جو وہ اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

None of you is considered a true believer until he loves for his brother what he loves for himself.

3۔اَلسَّمْعُ وَالطَّاعَةُ عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ فِيْمَا اَحَبَّ وَكَرِهَ (بخاری)

ہر مسلمان پر اپنے افسروں کی ہر بات سننا اور ماننا فرض ہے خواہ اُسے اِن کا حکم اچھا لگے یا بُرا۔

It is obligatory for every Muslim to listen and obey the authorities, whether he likes their command or dislikes it.

4۔ خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهٖ (ترمذی)

تم میں سے بہتر شخص وہ ہے جو اپنی بیوی کے ساتھ سلوک کرنے میں بہتر ہے۔

The best among you is the one who is best with regard to the treatment of his wife.

5۔ اَكْرِمُوْا اَوْلَادَكُمْ وَاَحْسِنُوْا اَدَبَهُمْ (سنن نسائی)

اپنی اولاد کی عزّت کیا کرو اور اُن کو ادب سکھلاؤ۔

Honour your children and teach them good manners.

6۔ مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَيَعْرِفْ حَقَّ كَبِيْرِنَا فَلَيْسَ مِنَّا (سنن نسائی)

جو شخص ہم میں سے چھوٹوں پر رحم نہیں کرتا اور ہم میں سے بڑوں کا حق نہیں پہچانتا اُس کا ہمارے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔

He is not one of us, who does not show mercy to our young and does not recognize the rights of our elders.

7 ۔ كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ (بخاری)

تم میں سے ہر شخص نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک سے اس کے زیر کفالت افراد کے متعلق پوچھا جائے گا۔

Every one among you is a guardian and every one among you is accountable for those under his supervision.

8۔مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنِّي (مسلم)

جس نے تجارت اور لین دین میں دھوکا بازی سے کام لیا اُس کا میرے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔

Whoever deceives people in trade and business has no connection with me.

9۔مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ (سنن ابی داؤد)

جو شخص (اپنی ملّت اور قوم کا طریق چھوڑ کر) کسی دوسری قوم کی مشابہت اختیار کرتا ہے وہ اُسی قوم میں سے سمجھا جائے گا۔

Whoever abandons the ways and traditions of his own people and adopts the ways of another people is considered to be one of them.

10۔اِذَا قَالَ الرَّجُلُ هَلَكَ النَّاسُ فَهُوَ اَهْلَكَهُمْ (مسلم)

جس نے کہا کہ لوگ ہلاک ہو گئے تو گویا اُس شخص نے قوم کو ہلاک کیا۔

When a man says, ‘The people are ruined’, he is the one who has ruined them.

11۔ اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَّا ذَنْبَ لَهُ (سنن ابن ماجه)

گناہ سے توبہ کرنے والا ایسے ہی ہے جس نے گناہ کیا ہی نہیں۔

The one who repents from a sin is like one who has not committed the sin.

12-لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَاحِدٍ مَرَّتَيْنِ (بخاری)

مؤمن ایک سوراخ سے دو دفعہ نہیں ڈسا جاتا۔

A true believer is not stung from the same hole twice.

13۔اِذَا اَتَاكُمْ كَرِيْمُ قَوْمٍ فَاَكْرِمُوْهُ (سنن ابن ماجه)

جب تمہارے پاس کسی قوم کا معزّز شخص آئے تو اُس کا احترام کیا کرو۔

When a respected person from a people comes to you, honor and respect him.

14۔اَعْطُوا الْاَجِيْرَ اَجْرَهٗ قَبْلَ اَنْ يَجِفَّ عَرَقُهٗ (سنن ابن ماجه)

مزدور کو اُس کے پسینہ خشک ہونے سے پہلے مزدوری دیا کرو۔

Give the worker his wages before his sweat dries.

15۔مَا اَسْكَرَ كَثِيْرُهٗ فَقَلِيْلُهٗ حَرَامٌ (سنن ابی داؤد)

جس چیز کی زیادہ مقدار نشہ پیدا کرتی ہو اُس کی تھوڑی مقدار بھی حرام ہے۔

Whatever intoxicates in a large quantity, a small quantity of it, is also forbidden.

16۔اَلْکَلِمَۃُ الْحِکْمَۃُ ضَالَّۃُ الْمُؤْمِنِ فَحَیْثُ وَجَدَھَا فَھُوَ اَحَقُّ بِھَا (ترمذی)

حکمت اور دانائی کی بات مؤمن کی اپنی ہی کھوئی ہوئی چیز ہے جو جہاں بھی پائے اُسے لے کیونکہ وہ اِس کا بہترین حق دار ہے۔

Wisdom is the lost property of the believer; wherever he finds it, he has the greatest right to own it.

17۔اِجْتَنِبُوْا الْغَضَبَ

سخت غصّہ سے بچو۔

Beware of intense anger.

18۔اِحْفِظْ لِسَانَکَ

اپنی زبان کی حفاظت کرو۔

Guard your tongue.

19۔اَرْحَامُکُمْ اَرْحَامُکُمْ

تمہارے رشتہ دار تمہارے اولو الارحام ہیں۔

Your relatives are like your children.

20۔اَطِعْ اَبَاكَ

اپنے باپ کی اطاعت کرو۔

Obey your father.

21۔بَجِّلُوْا الْمَشَائِخَ

بزرگوں کی تعظیم (عزّت) کرو۔

Honor and respect the elders.

22۔اَلْمُحْتَكِرُ مَلْعُوْنٌ

اس غرض سے غلّہ روکنے والا کہ مہنگا بیچے گا خدا کی رحمت سے دُور ہے۔

The one who hoards (stores) grain in order to make it expensive is far removed from the mercy of Allah.

23۔اِنَّ الرُّقٰى وَالتَّمَائِمَ وَالتِّوَلَةَ شِرْكٌ (مشکوٰۃ)

جھاڑ پھونک، تعویذ گنڈے، دھاگے ٹونے، سب شرک ہیں۔

Incantations (use of magical words and power), amulets (a belief that wearing an object will gard from evil) and love-charms (a belief that an object or spell possess magical properties) are forms of Shirk (associating partners with Allah).

24۔اَلسَّلَامُ قَبْلَ الْكَلَامِ

بات کرنے سے قبل السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہہ لیا کرو۔

Before start talking (to someone), say: ‘Peace be upon you, and the mercy of Allah and His blessings.’

25۔طَلَبُ الْحَلَالِ جِهَادٌ

حلال رزق طلب کرنا بھی جہاد ہے۔

Seeking lawful sustenance is also Jihad.

26۔اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ

جس سے مشورہ لیا جائے وہ امین ہوتا ہے۔

The person whose advice is sought is trustworthy.

27۔اَلْمُسْلِمُ مِرْاٰۃُ الْمُسْلِمِ

ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا آئینہ ہے۔

A Muslim is the mirror of another Muslim.

28۔لَیْسَ الْخَبَرُ کَالْمُعَایَنَةِ

سُنی سنائی بات خود دیکھنے کی طرح نہیں ہے۔

Hearing about something is not the same as seeing it with one's own eyes.

29۔اَلدُّنْیَا سِجْنٌ لِلْمُؤْمِنِ وَجَنَّةٌ لِلْكَافِرِ

دنیا مؤمن کے لیے قید خانہ اور کافر کے لیے جنت ہے۔

The world is a prison for the believer and a paradise for the disbeliever.

30۔لَا یَحِلُّ لِمُؤْمِنٍ اَنْ یَّھْجُرَ اَخَاہُ فَوْقَ ثَلَاثَۃِ اَیَّامٍ

مؤمن کو نہیں چاہیے کہ وہ اپنے مؤمن بھائی سے تین دن سے زیادہ قطع تعلق کرے۔

A believer should not cutt-off relations with his brother for more than three days.

31۔سَیِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُھُمْ

قوم کا سردار اُن کا خادم ہوتا ہے۔

The leader of a people is their servant.

32۔اَلْیَمِیْنُ الْفَاجِرَۃُ تَدَعُ الدِّیَارَ بَلَاقِعَ

جھوٹی قَسم گھروں کو ویران کر دیتی ہے۔

A false oath leaves homes desolate (empty\ lacking of inhabitants).

33۔اَلْمَجَالِسُ بِالْاَمَانَۃِ

مجالس امانت ہوتی ہیں۔

Gatherings are a trust (and remain confidential).

34۔خَیْرُ الزَّادِ التَّقْوٰی

سب سے بہتر زادِ راہ (Bank Balance) تقویٰ ہے۔

The best provision is piety (Taqwa).

35۔اِنَّ اَوَّلَ مَا یُحَاسَبُ بِہِ الْعَبْدُ اَلصَّلٰوۃُ (کنز العمال)

ایک بندے سے جو سب سے پہلے حساب لیا جائے گا وہ نماز ہے۔

The first thing about which a person will be accountable (on the day of Judgement) is prayer.

36۔کَلِمَتَانِ حَبِیْبَتَانِ اِلَی الرَّحْمٰنِ خَفِیْفَتَانِ عَلَی اللِّسَانِ ثَقِیْلَتَانِ فِی الْمِیْزَانِ

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم (بخاری)

دو کلمے خدا کو بڑے پسند ہیں جو زبان پر بہت ہلکے ہیں۔ ترازو میں بھاری ہیں وہ یہ ہیں۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم

There are two words that are beloved to the Most Merciful, light on the tongue but heavy on the scale: ‘Glory be to Allah and praise be to Him; Glory be to Allah, the Most Great.’

37۔مَامِنْ شَیْئٍ فِی الْمِیْزَانِ اَثْقَلُ مِنْ حُسْنِ الْخُلُقِ (سنن ابی داؤد)

ترازو میں حُسن خلق سے زیادہ وزنی چیز کوئی نہیں۔

Nothing is heavier on the scale than good character.

38۔يَدُاللهُ فَوْقَ الْجَمَاعَةِ وَمَنْ شَذَّ شُذَّ فِي النَّارِ (ترمذی)

اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے۔ جو شخص جماعت سے علیحدہ ہوا وہ آگ میں پھینکا گیا۔

The hand of Allah is with the community, and whoever separates himself from the community will be cast into the Fire.

39۔اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ (ترمذی)

مسلمان وہ ہے جس کے زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

A Muslim is one from whose tongue and hand other Muslims are safe.

40۔اِيَّاكُمْ وَالْحَسَدَ فَاِنَّ الْحَسَدَ يَاكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَأْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ

(سنن ابی داؤد)

حسد سے بچو کیونکہ حسد نیکیوں کو ایسے کھا جاتا ہے جیسے آگ ایندھن کو۔

Beware of envy, for envy consumes good deeds just as fire consumes wood.

# یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"

1۔ جماعت احمدیہ و ذیلی تنظیموں کے عہد اور ہماری ذمہ داریاں

2۔ تقاریر سیرت و شمائل محمد صلی اللہ علیہ وسلم

3۔ 100 تقاریر برائے ممبرات لجنہ اماء اللہ بر موقع صد سالہ جوبلی

4۔ 52 علامات 52 تقاریر بابت پیشگوئی مصلح موعود

5۔ 50 تقاریر بر موقع یوم مسیح موعودؑ (جلد اول)

6۔ 30 دروس بابت رمضان المبارک 2024ء (حصہ اول)

7۔ 50 تقاریر بر موقع یوم خلافت (حصہ اول)

8۔ 25 تقاریر بابت انفاق فی سبیل اللہ

9۔ 65 تقاریر برائے انصار اللہ

10۔ 20 تقاریر بابت محرم الحرام

11۔ 25 تقاریر بابت اہل بیت رسولؐ اور اُن کا مقام و مرتبہ

12۔ 50 تقاریر بابت سیرت و شمائل حضرت محمد ﷺ (حصہ دوم)

13۔ 70 تقاریر برائے خدام الاحمدیہ

14۔ 50 تقاریر بابت قرآن کریم (حصہ اول)

15۔ 50 تقاریر بابت اخلاقیات (حصہ اول)

16۔ 60 تقاریر بابت افراد خاندان حضرت مسیح موعودؑ (حصہ اول)

17۔ 40 تقاریر بابت افراد خاندان حضرت مسیح موعودؑ (حصہ دوم)

18۔ 20 تقاریر بابت فلسفہ دُعا اور اس کی حقیقت

19۔ 30 دروس بابت رمضان المبارک 2025ء (حصہ دوم)

20۔ 30 تقاریر بابت رمضان المبارک 2025ء (جلد اول)

21۔ 50 تقاریر بر موقع یوم مسیح موعودؑ 2025ء (جلد دوم)

22۔ 50 تقاریر بر موقع یوم خلافت 2025ء (حصہ دوم)

23۔ 10 تقاریر بعنوان صحابہ سے ملا جب مجھ کو پایا

24۔ 20 تقاریر بعنوان صحبتِ صالحین

25۔ 50 تقاریر بابت سیرت و شمائل حضرت محمد ﷺ (حصہ سوم)

26۔ 30 تقاریر بابت قولِ سدید و قولِ زور

27۔ 50 تقاریر بابت اخلاقیات (جلد دوم)

28۔ 50 تقاریر بابت اخلاقیات (جلد سوم)

29۔ 50 تقاریر برائے نَو نہالانِ جماعت

30۔ "مشاہدات" کی مالا کے 1000 موتی

31۔ 50 تقاریر بابت اخلاقیات (جلد چہارم)

32۔ 50 تقاریر بابت وجودِ باری تعالیٰ (جلد اول)

33۔ 25 تقاریر بابت عہدِ بیعت، شرائطِ بیعت اور ہم

34۔ 30 تقاریر بابت رمضان المبارک 2026ء (ارشادات، افاضات، فتاویٰ و فقہی مسائل)

35۔ 75 تقاریر بابت حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی احبابِ جماعت کو پَند و نصائح

36۔ 25 تقاریر بعنوان اسلامی اصطلاحات کی اہمیت، افادیت اور برکات (حصہ اول)

37۔ 5 تقاریر بابت دیکھو! کیا کہتی ہے تصویر تمہاری

38۔ ”مشاہدات“ کی مالا کے 1200 موتی

39۔ 10 تقاریر بابت ”متاعِ آسمانی“

40۔ 10 تقاریر بابت جلسہ سالانہ کی اہمیت و برکات

41۔ 5 تقاریر بعنوان مَنْطِقُ الطَّیْرِ

42۔ ”مشاہدات“ کی مالا کے 1300 موتی

43۔ 50 تقاریر بابت ایمان اور اِس کی 70 شاخیں

44۔ 50 تقاریر بابت تربیت اولاد (حصہ اول)

45۔ 50 تقاریر بابت تربیت اولاد (حصہ دوم)

46۔ 50 تقاریر بابت تربیت اولاد (حصہ سوم)

47۔ 40 اقوال رسول ﷺ

❁ ❁ ❁ ❁


# زیر ترتیب کتب

1۔ 50 تقاریر بابت عبادات


2۔ 50 تقاریر بعنوان قرآنی آیات




تقاریر
جماعتِ احمدیہ و ذیلی تنظیموں
کے عہد اور ہماری ذمہ داریاں
حنیف احمد محمود


تقاریر
سیرت و شمائلِ محمد ﷺ
بر موقع 12 ربیع الاوّل 1445ھ
حنیف احمد محمود






100
تقاریر
برائے ممبرات لجنہ اماء اللہ
بر موقع صد سالہ جوبلی
حنیف احمد محمود






52
علامات | تقاریر
بابت پیشگوئی مصلح موعود
یکے از مطبوعات "مشاہدات"
حنیف احمد محمود



50 تقاریر
برموقع
یوم مسیح موعودؑ
یکے از مطبوعات ”مشاہدات“
5
حنیف احمد محمود


30
دروس
بابت
رمضان المبارک
یکے از آن لائن مطبوعات ”مشاہدات“
6
حنیف احمد محمود



50 تقاریر
برموقع
(حصہ اول)
یوم خلافت
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
(7)
حنیف احمد محمود



25 تقاریر
بابت
انفاق فی سبیل اللہ
یکے از مطبوعات آن لائن ”مشاہدات“
8
حنیف احمد محمود



65 تقاریر
برائے
انصار اللہ
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
9
حنیف احمد محمود



20 تقاریر
بابت
محرم الحرام
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
10
حنیف احمد محمود



25 تقاریر
بابت
اہلِ بیتِ رسولؐ اور اُن کا مقام و مرتبہ
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
11
حنیف احمد محمود



50 تقاریر
بابت
سیرت و شمائل حضرت محمد ﷺ
(حصہ دوم)
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
12
حنیف احمد محمود



70 تقاریر
برائے
خدام الاحمدیہ
یکے از آن لائن مطبوعات ''مشاہدات''
''قوموں کی اصلاح نوجوانوں کی اصلاح کے بغیر نہیں ہو سکتی''
13
حنیف احمد محمود



50 تقاریر
بابت
قرآن کریم
(حصہ اوّل)
یکے از آن لائن مطبوعات ''مشاہدات''
14
حنیف احمد محمود



50 تقاریر
بابت
اخلاقیات
(حصہ اوّل)
یکے از آن لائن مطبوعات ''مشاہدات''
15
ابو سعید حنیف احمد محمود



60 تقاریر
بابت
خاندان حضرت مسیح موعودؑ
حصہ اوّل
یکے از آن لائن مطبوعات ''مشاہدات''
16
ابوسعید حنیف احمد محمود



20 تقاریر
بابت
فلسفۂ دعا اور اُس کی حقیقت
جلد اوّل
بر موقع رمضان المبارک 2025ء
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
18
ابو سعید حنیف احمد محمود



40 تقاریر
بابت
خاندان حضرت مسیح موعودؑ
حصہ دوم
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
17
ابو سعید حنیف احمد محمود



30 تقاریر
بابت
رمضان المبارک 2025ء
جلد اوّل
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
20
ابو سعید حنیف احمد محمود



30 دروس
حصہ دوم
بابت
رمضان المبارک 2025ء
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
19
ابو سعید حنیف احمد محمود



50 تقاریر
(جلد دوم)
بر موقع
یومِ مسیح موعودؑ 2025ء
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
21
ابوسعید حنیف احمد محمود



50 تقاریر
حصہ دوم
بر موقع یومِ خلافت 2025ء
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
22
ابوسعید حنیف احمد محمود



10 تقاریر
بعنوان
صحابہ سے ملا جب مجھ کو پایا
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
23
ابوسعید حنیف احمد محمود



20 تقاریر
بعنوان
صحبتِ صالحین
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
24
ابوسعید حنیف احمد محمود



مشاہدات
50 تقاریر
بابت
سیرت وشمائل حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم
(دیگر انبیاء پر فضائل وخصائل کا تذکرہ)
(حصہ سوم)
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
25
ابوسعید حنیف احمد محمود



مشاہدات
30 تقاریر
بابت
قولِ سدید و قولِ زُور
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
26
ابوسعید حنیف احمد محمود



مشاہدات
50 تقاریر
بابت
اخلاقیات
(جلد دوم)
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
27
ابوسعید حنیف احمد محمود



مشاہدات
50 تقاریر
بابت
اخلاقیات
(جلد سوم)
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
28
ابوسعید حنیف احمد محمود



50 تقاریر
برائے
نَونہالانِ جماعت
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
29
ابوسعید حنیف احمد محمود



"ایں سعادت بزورِ بازو نیست"
"مشاہدات" کی مالا کے
1000
موتی
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
30
ابوسعید حنیف احمد محمود



50 تقاریر
بابت
اخلاقیات
(جلد چہارم)
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
31
ابوسعید حنیف احمد محمود



50 تقاریر
بابت
وجودِ باری تعالیٰ
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
32
ابوسعید حنیف احمد محمود


مشاہدات
25 تقاریر
بابت
عہدِ بیعت، شرائطِ بیعت اور ہم
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
33
ابوسعید حنیف احمد محمود



مشاہدات
30 تقاریر
بابت
رمضان المبارک 2026ء
(ارشادات، افاضات، فتاویٰ و فقہی مسائل)
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
34
ابوسعید حنیف احمد محمود



مشاہدات
75 تقاریر
بابت
حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی
احبابِ جماعت کو پند و نصائح
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
35
ابوسعید حنیف احمد محمود



مشاہدات
25 تقاریر
بعنوان
اسلامی اصطلاحات کی اہمیت،
افادیت اور برکات
(حصہ اوّل)
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
36
ابوسعید حنیف احمد محمود



5 تقاریر
بابت
دیکھو! کیا کہتی ہے تصویر تمہاری
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
37
ابوسعید حنیف احمد محمود



"ایں سعادت بزورِ بازو نیست"
"مشاہدات" کی مالا کے
1200
موتی
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
38
ابوسعید حنیف احمد محمود



10 تقاریر
بابت
"متاعِ آسمانی"
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
39
ابوسعید حنیف احمد محمود


10 تقاریر
بابت
جلسہ سالانہ کی اہمیت و برکات
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
40
ابوسعید حنیف احمد محمود


5 تقاریر
بعنوان
مَنطِقُ الطَّیر
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
41
ابو سعید حنیف احمد محمود


"ایں سعادت بزورِ بازو نیست"
"مشاہدات" کی مالا کے
1300
موتی
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
42
ابو سعید حنیف احمد محمود


50 تقاریر
بابت
ایمان اور اِس کی 70 شاخیں
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
43
ابو سعید حنیف احمد محمود


50 تقاریر
بابت
تربیتِ اولاد
(حصہ اول)
یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"
44
ابو سعید حنیف احمد محمود

50 تقاریر

بابت

## تربیتِ اولاد

(حصہ دوم)

یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"

45

ابو سعید حنیف احمد محمود

50 تقاریر

بابت


## تربیتِ اولاد

(حصہ سوم)

یکے از آن لائن مطبوعات "مشاہدات"

46

ابو سعید حنیف احمد محمود



# محفوظ قلعے میں داخل ہونے کی تحریک

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 23 اگست 2024ء میں یہ تحریک فرمائی کہ بڑی عمر کے افراد **200 مرتبہ**، 15 سے 25 سال کے افراد **100 مرتبہ** یہ دعائیں پڑھیں اور چھوٹے بچوں سے والدین **3، 4 دفعہ** دہرائیں

Hazrat Khalifatul Masih V (may Allah be his helper) instructed in his Friday Sermon on August 23rd, 2024, that adults should recite these prayers **200 times**, individuals aged 15 to 25 should recite them **100 times**, and parents should repeat these prayers with young children **three or four times**:

**سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ**

پاک ہے اللہ اپنی حمد کے ساتھ۔ پاک ہے اللہ جو بہت عظیم ہے۔ اے اللہ رحمتیں بھیج، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کی آل پر۔

Holy is Allah, worthy of all praise and greatness. O Allah, bestow Your blessings upon Muhammad and the people of Muhammad.

**أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ**

**100 times daily | 100 دفعہ ورد کریں**

میں اللہ اپنے رب سے بخشش طلب کرتا ہوں۔ اور اسی کی طرف جھکتا ہوں۔

I seek forgiveness from Allah, my Lord, for all my sins and turn to Him.

**رَبِّ كُلُّ شَيْءٍ خَادِمُكَ رَبِّ فَاحْفَظْنِيْ وَانْصُرْنِيْ وَارْحَمْنِيْ**

**100 times daily | 100 دفعہ ورد کریں**

اے میرے رب! ہر ایک چیز تیری خادم ہے۔ اے میرے رب! پس مجھے محفوظ رکھ اور میری مدد فرما اور مجھ پر رحم فرما۔

My Lord, everything is subservient to You! Protect me, help me, and have mercy on me.

ویب سائیٹ: www.mushahedat.com

فون نمبر: +44 73 7615 9966

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مورخہ 28 دسمبر 2025ء کو فرمایا:۔

" جنہوں نے شرائط بیعت اپنے گھروں میں سامنے نہیں لگائیں وہ اب لگالیں جن سے پتہ لگتا رہے کہ شرائط بیعت کیا ہیں اور پڑھنے سے اپنی اصلاح بھی ہو گی "

# شرائط بیعت سلسلہ عالیہ احمدیہ

**اول:۔** بیعت کنندہ سچے دل سے عہد اس بات کا کرے کہ آئندہ اس وقت تک کہ قبر میں داخل ہو جائے شرک سے مجتنب رہے گا۔

**دوم:۔** یہ کہ جھوٹ اور زنا اور بد نظری اور ہر ایک فسق و فجور اور ظلم اور خیانت اور فساد اور بغاوت کے طریقوں سے بچتا رہے گا اور نفسانی جوشوں کے وقت ان کا مغلوب نہیں ہو گا اگرچہ کیسا ہی جذبہ پیش آوے۔

**سوم:۔** یہ کہ بلاناغہ پنج وقتہ نماز موافق حکم خدا اور رسول کے ادا کرتا رہے گا۔ اور حتی الوسع نماز تہجد کے پڑھنے اور اپنے نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر درود بھیجنے اور ہر روز اپنے گناہوں کی معافی مانگنے اور استغفار کرنے میں مداومت اختیار کرے گا۔ اور دلی محبت سے خدا تعالیٰ کے احسانوں کو یاد کر کے اس کی حمد اور تعریف کو اپنا ہر روزہ ورد بنائے گا۔

**چہارم:۔** یہ کہ عام خلق اللہ کو عموماً اور مسلمانوں کو خصوصاً اپنے نفسانی جوشوں سے کسی نوع کی ناجائز تکلیف نہیں دے گا۔ نہ زبان سے نہ ہاتھ سے نہ کسی اور طرح سے۔

**پنجم:۔** یہ کہ ہر حال رنج اور راحت اور عُسر اور یُسر اور نعمت اور بلا میں خدا تعالیٰ کے ساتھ وفاداری کرے گا اور بہر حالت راضی بقضاء ہو گا اور ہر ایک ذِلّت اور دکھ کے قبول کرنے کے لئے اس کی راہ میں تیار رہے گا اور کسی مصیبت کے وارد ہونے پر اس سے منہ نہیں پھیرے گا بلکہ آگے قدم بڑھائے گا۔

**ششم:۔** یہ کہ اتباعِ رسم اور متابعتِ ہواوہوس سے باز آجائے گا اور قرآن شریف کی حکومت کو بکلّی اپنے سر پر قبول کرے گا اور قَالَ اللّٰہ اور قَالَ الرَّسُوْل کو اپنے ہر یک راہ میں دستور العمل قرار دے گا۔

**ہفتم:۔** یہ کہ تکبر اور نخوت کو بکلّی چھوڑ دے گا اور فروتنی اور عاجزی اور خوش خلقی اور حلیمی اور مسکینی سے زندگی بسر کرے گا۔

**ہشتم:۔** یہ کہ دین اور دین کی عزت اور ہمدردیٔ اسلام کو اپنی جان اور اپنے مال اور اپنی عزت اور اپنی اولاد اور اپنے ہر یک عزیز سے زیادہ تر عزیز سمجھے گا۔

**نہم:۔** یہ کہ عام خلق اللہ کی ہمدردی میں محض لِلّٰہ مشغول رہے گا اور جہاں تک بس چل سکتا ہے اپنی خداداد طاقتوں اور نعمتوں سے بنی نوع کو فائدہ پہنچائے گا۔

**دہم:۔** یہ کہ اس عاجز سے عقد اخوت محض لِلّٰہ باقرار طاعت در معروف باندھ کر اس پر تا وقت مرگ قائم رہے گا اور اس عقد اخوت میں ایسا اعلیٰ درجہ کا ہو گا کہ اس کی نظیر دنیوی رشتوں اور تعلقوں اور تمام خادمانہ حالتوں میں پائی نہ جاتی ہو۔

(اشتہار تکمیل تبلیغ 12 جنوری 1889ء)

www.mushahedat.com | hanifahmadmahmood@hotmail.com | +44 7376 159966

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مورخہ 28 دسمبر 2025ء کو فرمایا:۔

"جنہوں نے شرائط بیعت اپنے گھروں میں سامنے نہیں لگائیں وہ اب لگالیں جن سے پتہ لگتا رہے کہ شرائط بیعت کیا ہیں اور پڑھنے سے اپنی اصلاح بھی ہوگی"

# Conditions of Initiation (Bai'at)

I. That he/she shall abstain from Shirk (association of any partner with God) right up to the day of his/her death.

II. That he/she shall keep away from falsehood, fornication, adultery, trespasses of the eye, debauchery, dissipation, cruelty, dishonesty, mischief and rebellion; and will not permit himself/herself to be carried away by passions, however strong they might be.

III. That he/she shall regularly offer the five daily prayers in accordance with the commandments of God and the Holy Prophet (peace and blessings of Allah be upon him); and shall try his/her best to be regular in offering the Tahajud (pre-dawn supererogatory prayers) and invoking Darood (blessings) on the Holy Prophet (peace and blessings of Allah be upon him); that he/she shall make it his/her daily routine to ask forgiveness for his/her sins, to remember the bounties of God and to praise and glorify Him.

IV. That under the impulse of any passions, he/she shall cause no harm whatsoever to the creatures of Allah in general, and Muslims in particular, neither by his/her tongue nor by his/her hands nor by any other means.

V. That he/she shall remain faithful to God in all circumstances of life, in sorrow and happiness, adversity and prosperity, in felicity and trial; and shall in all conditions remain resigned to the decree of Allah and keep himself/herself ready to face all kinds of indignities and sufferings in His way and shall never turn away from it at the onslaught of any misfortune; on the contrary, he/she shall march forward.

VI. That he/she shall refrain from following un-islamic customs and lustful inclinations, and shall completely submit himself/herself to the authority of the Holy Quran; and shall make the Word of God and the Sayings of the Holy Prophet (peace and blessings of Allah be upon him) the guiding principle in every walk of his/her life.

VII. That he/she shall entirely give up pride and vanity and shall pass all his/her life in humbleness, cheerfulness, forbearance and meekness.

VIII. That he/she shall hold faith, the honor of faith, and the cause of Islam dearer to him/her than his/her life, wealth, honor, children and all other dear ones.

IX. That he/she shall keep himself/herself occupied in the service of God's creatures for His sake only; and shall endeavor to benefit mankind to the best of his/her God-given abilities and powers.

X. That he/she shall enter into a bond of brotherhood with this humble servant of God, pledging obedience to me in everything good, for the sake of Allah, and remain faithful to it till the day of his/her death; that he/she shall exert such a high devotion in the observance of this bond as is not to be found in any other worldly relationship and connections demanding devoted dutifulness.

(Translated from Ishtehar Takmeel-e-Tabligh, January 12, 1889)

www.mushahedat.com | hanifahmadmahmood@hotmail.com | +44 7376 159966

This is the first article published by MUSHAHEDAT in both English and Urdu. The original article was composed by Mr. Minhas Mahmood (Germany) and translated into English by Mr. Waqar Ahmed Bhatti (Germany). The article was professionally arranged by Mr. Zahid Mahmood and the article was uploaded to the website by Mr. Saeed u Din Ahmad (UK) and this booklet was uploaded to the website by Mr. Amir Mahmood (UK)

May Allah Almighty reward all of them abundantly for their valuable contributions and efforts.